28.04.2024

13.50 Hrs

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......کلیم احمد

**Music**

---------------------------

1 ملک میں سات مئی کو لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے سے قبل چناؤ سرگرمیاں زور شور سے جاری ہیں۔

2 وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ مالی امداد سے خواتین کے اپنی مدد آپ کرنے والے دس کروڑ سے زیادہ گروپوں کو فائدہ ہوا اور ایندھن کے ساتھ ethanol کی آمیزش کے بعد کسانونکو 70 ہزار کروڑ روپے کی آمدنی ہوئی۔ جناب مودی نے کرناٹک میں بیلگاوی میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔

3 انتخابی کمیشن نے Outer منی پور پارلیمانی حلقے کے چھ پولنگ مرکزوں پر منگل کے روز دوبارہ پولنگ کرانے کا حکم دیا ہے۔

4 شنگھائی میں تیراندازی ورلڈ کپ میں بھارت نے سونے کے پانچ تمغوں سمیت 8 تمغے جیتے ہیں۔

5 اور IPL کرکٹ میں آج سہ پہر احمدآباد میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔

**MUSIC**

اب خبریں تفصیل سے---

**CAMPAIGNING**

سات مئی کو ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے سے قبل ملک میں چناؤ سرگرمیاں زور شور سے جاری ہیں۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر ووٹروں کو راغب کرنے کے لئے ریلیاں اور روڈ شو کررہے ہیں۔ اس مرحلے میں 95 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ گذشتہ دس سال میں ان کی سرکار نے لاگت پر آنے والے خرچ کو کم کرکے اور زرعی اشیا کے لئے منڈیوں کو کھول کر چھوٹے کسانوں کی مدد کی ہے اور ایسا کسانوں سے متعلق تنظیموں کے توسط سے کیا گیا ہے۔ جناب مودی نے آج کرناٹک میں بیلگاوی میں BJP امیدواروں کی حمایت میں انتخابی مہم میں حصہ لیا۔

جناب مودی نے کہا کہ مالی امداد سے خواتین کے اپنے مدد آپ کرنے والے دس کروڑ سے زیادہ گروپوں کو فائدہ ہوا ہے۔ ایندھن کے ساتھ ethanol کی آمیزش کے بعد کسانوں کو 70 ہزار کروڑ روپے کی آمدنی ہوئی۔ ان کی سرکار نے بھارتیہ نیائے Samhita منظور کیا، جس سے امن و قانون کے بہتر بندوبست کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ جناب مودی نے کرناٹک کی کانگریس سرکار پر چار ہزار روپے کی کٹوتی کرنے کا الزام لگایا جو سابقہ BJP سرکار نے پی ایم کرشی سمّان یوجنا کے ذریعے کسانوں کو دئیے تھے۔ جناب مودی نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ کرناٹک میں کانگریس کی ووٹ بینک اور خوشنودی حاصل کرنے کی سیاست کی وجہ سے امن و قانون کی صورتحال بگڑ رہی ہے۔x

## BJP- TMC

BJPکے صدر جے پی نڈّا نے سندیش کھالی کے حالات کے معاملے پر مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ ممتا بنرجی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب نڈّا نے الزام لگایا کہ سندیش کھالی میں خواتین کو سماج دشمن عناصر سے بدستور خطرہ لاحق ہے۔

انھوں نے جانچ ایجنسیوں پر حملے کے واقعے کو بھی اجاگر کیا اور زور دے کر کہا کہ مغربی بنگال سرکار ریاست میں انتشار کے حالات پیدا کررہی ہے۔ ادھر جناب نڈّا کے بیان پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے ترنمول کانگریس کی لیڈر ساگاریکا گھوش نے کہا ہے کہ سندیش کھالی واقعے کے سبھی ملزم جیل میں ہیں۔ انھوں نے بی جے پی سے یہ سوال بھی کیا کہ وہ اپنے وزیر برج بھوشن شرن سنگھ کو بچانے میں کیوں لگی ہوئی ہے، جو جنسی دست درازی کے معاملے میں ملزم ہے۔x

## ASSAM CAMPAIGNING

آسام میں لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے انتخابی مہم زور شور سے جاری ہے۔ ریاست میں اس مرحلے میں گوہاٹی، بارپیٹہ، کوکرا جھار اور ڈھبری حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ 47 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ وزیراعلیٰ اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر ہیمنت بسوا سرما، آل انڈیا یونائیٹڈ ڈیموکریٹیک فرنٹ AIUDF کے سربراہ بدرالدین اجمل، ریاستی کانگریس کے صدر بھوپین کمار بورا، آسام گن پریشد کے صدر اتُل بورا اور بوڈولینڈ پیپلز فرنٹ کے سربراہ Hagrama Mahilary ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ریلیاں کررہے ہیں۔ ادھر مرکزی وزیرداخلہ اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر امت شاہ کل گوہاٹی میں ایک روڈ شو کریں گے۔ BJPاور کانگریس دونوں پارٹیوں نے اہمیت کی حامل گوہاٹی لوک سبھا سیٹ پر خاتون امیدواروں کو چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ BJP نے موجودہ ممبر پارلیمنٹ Queen Oja کی جگہ پارٹی لیڈر Bijuli kalita Medhi کو ٹکٹ دیا ہے۔ جبکہ کانگریس نے سابق BJP لیڈر Mira Borthakur Goswamiکو اپنا امیدوار بنایا ہے۔x

## DELHI CONGRSS LOVELY

دلی کانگریس کے صدر اروِیندر سنگھ Lovely نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کے نام ایک مراسلے میں جناب Lovely نے کہا ہے کہ دلی کانگریس یونٹ، عام آدمی پارٹی کے ساتھ اتحاد قائم کرنے کے خلاف تھی، جو کانگریس پارٹی کے خلاف جھوٹے اور بدنیتی پر مبنی بدعنوانی کے الزامات عائد کرکے بنائی گئی تھی۔ انھوں نے کہا کہ اس کے باوجود کانگریس پارٹی نے دلی میں عام آدمی پارٹی کے ساتھ اتحاد قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ جناب اروِیندر سنگھ Lovely نے یہ بھی کہا کہ دلی کانگریس کے پارٹی کارکن عام آدمی پارٹی کے جھوٹے پروپیگنڈے سے ناراض ہیں۔ انھوں نے کہا کہ دلی میں عام آدمی پارٹی کے دورِ حکومت میں عوامی بنیادی ڈھانچے کی حالت اُن ترقیاتی کاموں کے مقابلے بہت زیادہ خراب ہوگئی ہے جو سابق وزیراعلیٰ شیلا دیکشت کی سرکار کے تحت کئے گئے تھے۔x

## MANIPUR REPOLLING

انتخابی کمیشن نے Outer منی پور پارلیمانی حلقے کے چھ پولنگ مرکزوں پر دوبارہ ووٹنگ کی ہدایت دی ہے، جو اس مہینے کی 30 تاریخ کو ہوگی۔ چناؤ کمیشن نے لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں اِن چھ پولنگ مراکز میں اس مہینے کی 26 تاریخ کو کرائی گئی پولنگ کو رد کردیا ہے۔ ان میں سے پانچ پولنگ مراکز Ukhrul ضلعے میں جبکہ ایک Senapati ضلعے میں ہے۔x

## J&K UDHAMPUR

جموں و کشمیر میں اُودھم پور ضلعے کے دور دراز کے ایک گاؤں میں آج صبح سویرے گولیاں چلنے کے ایک واقعے میں دیہی دفاعی گارڈ کا ایک اہلکار زخمی ہوگیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ فائرنگ کا یہ واقعہ بسنت گڑھ علاقے کے پنارا گاؤں سے اُس وقت سامنے آیا جب دیہی دفاعی گارڈز کے ایک گشتی دستے نے مشکوک انداز سے نقل و حرکت کرنے والے کچھ افراد کو للکارا، جن کے بارے میں یہ خیال ہے کہ وہ دہشت گرد تھے، جو Dahu جنگلاتی علاقے میں چھپے ہوئے تھے۔ ایسا خیال ہے کہ یہ دہشت گرد اس واقعے کے بعد علاقے سے فرار ہوگئے۔ البتہ علاقے میں مزید کُمک بھیجی گئی اور تفصیلات کا انتظار ہے۔x

## IMD

محکمہ موسمیات IMD نے مغربی بنگال کے ترائی والے علاقوں اور اوڈیشہ میں شدید گرمی کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔اس کے علاوہ محکمے نے بہار، جھارکھنڈ، رایل سیما، کرناٹک، تمل ناڈو، کیرالہ، Mahe، کونکن، اترپردیش، ساحلی آندھرا پردیش اور یانَم میں اکاّ دکاّ معاملات پر اگلے چار سے پانچ دن کے لیے گرم لہرکے جاری رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا ہے کہ کَل تک مغربی آسام، میگھالیہ اور تریپورہ میں گرمی اور حبس کے حالات جاری رہنے کا امکان ہے، جب کہ پہلی مئی تک کیرالہ، Mahe، ساحلی کرناٹک، ساحلی آندھرا پردیش، یانَم اور کونکن میں اسی طرح کے حالات بنے رہیں گے۔ اسی دوران محکمہ موسمیات نے ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، جموں و کشمیر، گلگت، بلتستان، مظفر آباد میں کل بارش

اور اولے گرنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے اگلے دو سے تین دن کے دوران شمال مشرقی بھارت کے لیے گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور بجلی گرنے کے واقعات کی بھی پیشگوئی کی ہے۔××

## IRAN INDIAN CREW

ایران کی فورسز کے ذریعہ اپنی بحری حدودمیں دو ہفتہ قبل ضبط کئے گئے پُرتگال کے پرچم بردار جہاز کے بھارتی عملے کو قونصلر رسائی کی اجازت دی جا رہی ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ وہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر جہاز کے عملے کی رہائی پر غور کر رہی ہے۔ اس سے پہلے جمعرات کو وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا تھا کہ بھارتی عملے کے باقی سولہ ارکان کی واپسی میں تکنیکی معاملات حائل ہیں۔ جناب جیسوال نے کہا کہ بھارتی افسروں نے جہاز کے عملے کے ساتھ ملاقات کی تھی۔ اور وہو ان کے کنبوں کے ساتھ لگاتار رابطے میں ہیں۔ اس ماہ کے شروع میں ایران کے نیم فوجی انقلابی گارڈز نے اسرائیل سے وابستہ اس جہاز کو ضبط کرلیا تھا۔ اس کنٹینر جہاز کو جس پر پرتگال کا پرچم لگا ہوا تھا، ایران- اسرائیل کے درمیان سلسلے وار حملوں کے نتیجے میں ضبط کیا گیا تھا۔×

## ARCHERY WORLD CUP

شنگھائی میں جاری تیراندازی کے عالمی کپ میں بھارتی دستے نے اب تک آ ٹھ تمغے حاصل کئے ہیں۔ ان میں سونے کے پانچ، چاندی کے دو اورکانسے کا ایک تمغہ شامل ہے۔ بھارت کے دھیرجBommadevara ، ترُن دیپ اور پروین جادھو نے مردوں کی ٹیم کے Recurve مقابلے میں سونے کا پانچواں تمغہ حاصل کیا ہے۔ انہوں نے اولمپک چمپئن جنوبی کوریا کوحیرت انگیز طریقے سے ہراکر یہ اعزاز حاصل کیا۔ بھارتی مردوں کی Recurve ٹیم نے کسی بھی عالمی کپ کے فائنل میں تیراندازی کی مضبوط ٹیم جنوبی کوریا پر یہ پہلی فتح حاصل کی ہے۔ اس جیت سے جلدمنعقد ہونے والے پیرس اولمپکس میں اپنا مقام محفوظ کرنے کے لئے بھارت کے امکانات کو تقویت حاصل ہوگی۔ اس دوران خواتین کے Recurve انفرادی زمرے کے فائنل میں بھارت کی دیپکا کماری کو، ایشیائی کھیلوں کی چمپئن جنوبی کوریا کی-Lim Sihyeonسے ہار کرچاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا ہے۔×

## IPL

IPLکرکٹ میں آج احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنز کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ادھر چنئی میں شام ساڑھے سات بجے چنئی سُپر کنگز اور سن رائزرس حیدرآباد کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔ اس سے پہلے کل رات لکھنؤ کے ایکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں راجستھان رائلز نے لکھنؤ سُپر جائنٹس کو سات وکٹ سے ہرادیا۔ راجستھان کی ٹیم نے 197 رن کا جیت کا نشانہ 18 اوورس اور پانچ گیندوں میں تین وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔x

## IRAQ BAN SAME SEX RELATIONS

عراق کی پارلیمنٹ نے ایک قانون کو منظوری دی ہے، جس کے تحت ہم جنس پرستی کو جرم قرار دیا گیا ہے۔ اِس قانون کے تحت ہم جنس پرستی پر پابندی عائد کردی گئی ہے اوراس میں مرتکب افراد کو 15 سال قید کی سزا ہوگی اور ہم جنس پرستی اور قحبہ گِری کو بڑھاوا دینے والوں کو کم از کم 7 سال تک کی قید ہوسکتی ہے۔اِس کے علاوہ اپنی حیاتیاتی جنس تبدیل کروانے والے یا زنانہ انداز رکھنے والا لباس زیب تن کرنے والے شخص کو بھی ایک سال سے 3 سال تک کی سزا ہوسکتی ہے۔اِس قانون کو خاص طورپر قدامت پسند شیعہ مسلم پارٹیوں کی حمایت حاصل رہی، جو مسلم عراق کی پارلیمنٹ میں سب سے بڑے اتحادی ہیں۔ حکام کے مطابق اِس قدم کا مقصد مذہبی اقدار کی پاسداری اور عراقی معاشرے کو اخلاقی زوال سے بچانا ہے۔×

## CHINA FLOOD

چین کے Guangzhou میں کل آئے شدید آندھی طوفان میں کم از کم پانچ افراد کی موت ہوگئی اور متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ اس طوفان کی وجہ سے کئی روز سے شدید بارش ہورہی ہے اور جس کے سبب آئے تباہ کن سیلاب نے جنوبی چین کو بری طرح متاثر کیا ہے۔

مقامی انتظامیہ کے مطابق، کم از کم 141 کارخانوں کو نقصان پہنچا، تاہم کوئی رہائشی مکان منہدم نہیں ہواہے۔چین کے محکمہ موسمیات نے موسلادھار بارش اور شدیدطوفان کے سلسلے میں ایک وارننگ جاری کی ہے، جس کے اس ماہ کے آخر تک جاری رہنے کا امکان ہے۔x

xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx